

# ۱۱ خط

علامہ اقبالؔ

**پہلی بات :** علامہ اقبالؔ کو ہم ان کی اعلیٰ پایے کی نظموں کے حوالے سے جانتے ہیں۔ شاعرِ مشرق کہلانے والے اس عظیم شاعر نے علم اور فلسفے کے میدان میں بھی اپنی شخصیت کی چھاپ چھوڑی ہے۔ ان کے خطوط بھی ہمارے ادب کا قابلِ قدر سرمایہ ہیں۔ ذیل میں ان کا ایک خط پیش کیا جا رہا ہے جو انھوں نے اپنے والد شیخ نور محمد کے نام لکھا ہے۔

**جان پہچان :** شیخ محمد اقبال ۹؍نومبر ۱۸۷۷ء کو سیال کوٹ میں پیدا ہوئے۔ لاہور میں تعلیم حاصل کرنے کے بعد اعلیٰ تعلیم کے لیے وہ یورپ گئے۔ ہندوستان واپس آنے کے بعد انھوں نے بیرسٹری شروع کی۔ ان کی عالمگیر شہرت اور علمی مرتبے سے متاثر ہو کر حکومتِ برطانیہ نے انھیں 'سر' کا خطاب عطا کیا تھا۔ علامہ اقبالؔ نے اُردو اور فارسی میں شاعری کی۔ 'بانگِ درا، بالِ جبریل' اور 'ضربِ کلیم' ان کے اُردو کلام کے مجموعے ہیں۔ ان کے خطوط بھی کتابی شکل میں شائع ہو چکے ہیں۔ ۲۱؍اپریل ۱۹۳۸ء کو لاہور میں ان کا انتقال ہوا۔

قبلہ و کعبۂ ام ... السلام علیکم

اعجاز کے امتحان کا نتیجہ کل شام نکل گیا۔ پاس ہو گیا ہے۔ آپ کو اور بھاوج صاحبہ کو مبارک ہو۔ اب اس کو یہ سوچنا چاہیے کہ ایم۔اے میں داخل ہو یا قانون کے امتحان ایل ایل بی میں داخل ہو۔ دونوں امتحانوں کے لیے دو سال ہیں۔ ایل ایل بی کا امتحان کرنے میں بھی بہت سے فوائد ہیں۔ بھائی صاحب کی خدمت میں بھی میں نے یہی لکھا ہے۔ اعجاز کو بھی اپنی قابلیت کا جائزہ لینا چاہیے۔ وکیل کا کام اگر بہت نہ بھی چلے تو دو ڈھائی سو روپے ماہوار کما لیتا ہے۔ اس میں کچھ شک نہیں کہ پہلے چند سال محنت کرنی پڑتی ہے اور انتظار کی تکلیف اُٹھانی پڑتی ہے اس لیے اس پر غور کرنے کے بعد مجھے لکھیے کہ اس کی طبیعت کا میلان کدھر ہے۔ والسلام




محمد اقبال

لاہور

۱۶؍جولائی ۱۹۱۹ء

## معانی واشارات


| | | | |
|---|---|---|---|
| قبلہ وکعبۂ ام | - | میرے بزرگ، خط میں تخاطب کا فقرہ | My respected |
| میلان | - | رجحان، خواہش | Aptitude |

NCLLRD


## مشق

- ’جان پہچان‘ کی مدد سے علامہ اقبالؔ سے متعلق شکلی خاکہ مکمل کیجیے۔

**Complete the following web.**




- ذیل کا خاکہ مکمل کیجیے۔ **Complete the web.**




- ایک جملے میں جواب لکھیے۔

**Answer in one sentence.**

۱۔ ڈاکٹر اقبالؔ نے خط کیوں لکھا؟

۲۔ اقبالؔ نے والد صاحب اور بھاوج صاحبہ کو کس بات کی مبارکباد دی ہے؟

۳۔ اقبالؔ نے کس امتحان میں داخلے پر زور دیا ہے؟

۴۔ اقبالؔ نے خط میں اعجاز کے بارے میں کیا لکھا ہے؟

۵۔ وکیل کے کام کے بارے میں اقبالؔ نے خط میں کیا لکھا ہے؟

### زورِ قلم Power of writing

- آپ کا چھوٹا بھائی مڈل اسکول اسکالرشپ امتحان میں کامیاب ہوا ہے۔ اسے مبارکبادی اور آئندہ مقابلہ جاتی امتحانات میں شرکت کی ترغیب کے لیے خط لکھیے۔

**Your younger brother passed the middle school scholarship examination. Write a letter to congratulate and encourage him for competitive examinations in future.**

### کوشش کر کے دیکھیے۔ Try it

- دیے ہوئے الفاظ کے انگریزی مترادفات لکھیے۔

**Write English words for the following.**

امتحان ، نتیجہ ، قانون ، وکیل

### سرگرمی/منصوبہ (Activity/Project):

- ٹیلی وِژن یا ریڈیو پر سنی ہوئی کسی تقریر کو اپنے الفاظ میں لکھیے۔

### جواہر پارہ

**اُمید** ایک ٹھنڈی چھاؤں اور سکون بخش وادی ہے جو اپنے پُرسکون دامن میں پناہ دے کر انسان کو مایوسی کے اتھاہ سمندر میں ڈوبنے سے بچاتی ہے۔